SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VII، مجریہ 1974

SINDH ACT NO.VII OF 1974

مغربی پاکستان مویشی کی ذبح (کنٹرول) (سندھ ترمیم) ایکٹ 1974

THE WEST PAKISTAN ANIMALS SLAUGHTER CONTROL (SINDH AMENDMENT) ACT, 1974

فہرست (CONTENTS)

تمہید

1. مختصر عنوان اور شروعات

2. مغربی پاکستان ایکٹ نمبر III، مجریہ 1963 کی دفعہ کی تبدیلی۔

سندھ ایکٹ نمبرVII، مجریہ 1974

SINDH ACT NO.VII OF 1974

مغربی پاکستان مویشی کی ذبح(کنٹرول)(سندھ ترمیم)ایکٹ1974

THE WEST PAKISTAN ANIMALS SLAUGHTER CONTROL (SINDH AMENDMENT) ACT, 1974

[3اپریل 1974]

تمہید

اس ایکٹ کے توسط سے مغربی پاکستان مویشی کی ذبح (کنٹرول)، 1963 میں اضافی ترمیم کرنا مقصود ہے۔

تاکہ اس کو صوبہ سندھ میں نافذ کرنے کے قابل بنایا جائے۔

اس ایکٹ کے توسط سے مغربی پاکستان کے جانوروں کے ذبح پر کنٹرول والے ایکٹ، 1963 میں اضافی ترمیم کرنا مقصود ہے۔

تاکہ اس کو صوبہ سندھ میں نافذ کرنے کے قابل بنایا جائے۔

جسے مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات

1. (1) یہ ایکٹ جسے مغربی پاکستان مویشی کی ذبح (کنٹرول) (سندھ ترمیم) ایکٹ 1974 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

مغربی پاکستان ایکٹ نمبر III، مجریہ 1963 کی دفعہ کی تبدیلی۔

2. مغربی پاکستان ایکٹ نمبر III، مجریہ 1963 کو سندھ میں نافذ کرنے کے لئے اس کے دفعہ 2 کے شق (k) کو مندرج ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔

"(k) مفید جانور معنی:

(i) وہ جانور جو ایک برس کی عمر سے کم ہو۔

(ii) بھیڑ یا بکری جو ایک برس سے اوپر کی ہو لیکن چار برس کے کم کی ہو، جو حاملا ہو یا جو

نسل دینے کے قابل ہو۔

(iii) بھیڑ یا بکری کے علاوہ وہ مادی جانور جس کی عمر ایک برس سے زیادہ ہو لیکن تین برسوں سے زیادہ نہ ہو۔

(iv) بھیڑ اور بکری کے سواوہ جانور جو حاملا ہو، دودھ دینے والی ہو یا افزائش نسل کے لئے مفید ہو۔

(v) بھیڑ اور بکری کے سواوہ جانور جو تین برسوں سے زیادہ کا ہو، البت دس برس سے زیادہ کا نہ ہو۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام واقفیت کے لئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔